علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ و ثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: اسلامیات (ITHC-103) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ لفظ "عقیدہ" کی لغوی و اصطلاحی تعریف کریں اور انسانی اخلاق کی درستی میں صحیح عقیدے کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ رسالت کا مفہوم بیان کریں اور انسانیت کی ہدایت کے لیے انبیاء کی ضرورت پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ ملائکہ (فرشتوں) کی حقیقت کیا ہے؟ ان پر ایمان لانے کی اہمیت اور ضرورت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ نماز کی لغوی و اصطلاحی تعریف کریں اور اس کے فرض ہونے کی شرائط تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ روزے (صوم) کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور اس کی فرضیت کی تاریخ بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ زکوٰۃ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور اسلام کے معاشی نظام میں اس کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ زکوٰۃ کے نصاب سے کیا مراد ہے؟ سونا، چاندی، نقدی اور مالِ تجارت پر زکوٰۃ کی تفصیل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ حج کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور اس کی فرضیت کی شرائط تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ جہاد کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کریں اور اسلام کے دفاعی نظام میں اس کی ضرورت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ظہورِ اسلام کے وقت عرب کے مذہبی، اخلاقی اور سماجی حالات پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)